PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹاسیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جارہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صوتحال (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)


متوقع بارش (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (دسمبر ۲۰۲۴)



مجموعی طور پر اکتوبر سے دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص بالائی اور وسطی پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر کے ملحقہ علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ سندھ، بلوچستان، اور جنوبی پنجاب کے ملحقہ علاقوں میں معمول یا معمول سے قدرے زیادہ بارش کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (بارش)

- اکتوبر ۲۰۲۴ سے ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب بارشیں متوقع ہیں۔ تاہم گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور خیبر پختونخوا کے ملحقہ علاقوں میں معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔
- نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص بالائی اور وسطی پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب میں معمول کے مطابق بارش کا امکان ہے۔
- دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں بالخصوص پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر کے ملحقہ علاقوں میں زیادہ تر معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔ تاہم سندھ اور بلوچستان میں معمول کے قریب بارشیں متوقع ہیں۔


-

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)


متوقع درجہ حرارت (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۴)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۴)



متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (دسمبر ۲۰۲۴)



اکتوبر سے دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص شمال مشرقی علاقوں بشمول گلگت بلتستان، کشمیر اور مغربی بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)


- اکتوبر اور نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی خیبر پختونخوا، بالائی اور وسطی پنجاب، بلوچستان اور سندھ میں اوسط درجہ حرارت (1-2 سینٹی گریڈ) معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔ جبکہ جنوبی پنجاب کے ملحقہ علاقوں میں اکتوبر اور نومبر میں معمول کے مطابق اوسط درجہ حرارت رہنے کا امکان ہے۔
- ماہ دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں اوسط درجہ حرارت (1-2 سینٹی گریڈ) معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال(اکتوبرتادسمبر ۲۰۲۴)

### پوٹھوہار





خطہ پوٹھوہار میں اگلے تین مہینوں بالخصوص ماہ دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اوسط درجہ حرارت میں موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۴ کے دوران بالخصوص اکتوبر میں اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## جنوبی پنجاب





جنوبی پنجاب میں اگلے تین مہینوں کے دوران بہت کم بارشیں متوقع ہیں۔اور اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی سندھ




بالائی سندھ میں بھی اگلے تین مہینوں کے دوران کم بارشوں کا امکان ہے۔اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں سندھ





زیریں سندھ میں اس مدت کے دوران بالخصوص ماہ اکتوبر میں نسبتاً تھوڑی زیادہ بارشوں کی توقع ہے۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

## بالائی خیبر پختونخواہ




بالائی خیبر پختونخواہ میں اس مدت کے دوران خاص طور پر آخری ماہ دسمبر میں اچھی بارشیں (اونچے پہاڑوں پر برف باری) متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز کے مطابق کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ





زیریں خیبر پختونخواہ میں اس مدت کے دوران بالخصوص نومبر میں کم بارشوں کی توقع ہے۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت میں موسمی طرز کے مطابق کمی کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مغربی بلوچستان




شمال مغربی بلوچستان میں اس مدت کے ابتدائی دو ماہ کے دوران بہت تھوڑی بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ اس دوران اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں بھی اگلے تین مہینوں کے دوران کم بارشوں کا امکان ہے۔ اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران نسبتاً کم مقدار میں بارشوں/برف باری کا امکان ہے۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیٔ کشمیر میں بھی اس مدت کے دوران بالخصوص ماہ نومبر میں نسبتاً کم مقدار میں بارشوں/برف باری کے امکانات ہیں۔اور اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اور اگلے تین ماہ کی پیشنگوئی کی بنیاد پر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

- برسات کے موسم میں معمول سے زیادہ بارشوں کی وجہ سے آئندہ ربیع کی فصلوں کی بوائی کے لیے مٹی کی مناسب نمی دستیاب ہے، سوائے ستمبر کے جس میں معمول سے کم بارشیں ریکارڈ کی گئیں۔ تاہم، اگلے تین مہینوں کے دوران متوقع معمول سے کم بارش کی وجہ سے اکتوبر سے دسمبر کے دوران مٹی میں نمی کی کمی بھی متوقع ہے۔
- ملک کے بعض علاقوں بالخصوص شمال مغربی حصوں میں بارش/اولے/ہوا کا طوفان خریف کی فصلوں کی کٹائی کی سرگرمیوں کو متاثر کر سکتا ہے۔
- اگلے تین ماہ کے دوران درجہ حرارت میں بتدریج موسمی کمی کے علاوہ، ملک کے بیشتر حصوں بالخصوص بالائی علاقوں میں معمول سے قدرے کم بارش (پہاڑوں پر برف باری) کی توقع ہے۔
- پیش گوئی کی مدت کے دوران، خاص طور ملک کے بالائی علاقوں میں آبپاشی کے لیے کافی مقدار میں پانی دستیاب ہو گا۔
- تاہم، ملک کے جنوبی علاقوں کے لیے دستیاب پانی کے ذخیرے کے معقول استعمال کی سفارش کی جاتی ہے۔